تقریباً ایک گھنٹے کے بعد فرائض صدارت ٹورانٹو کے ڈاکٹر نور محمد شیخ کو سپرد کئے گئے۔ یوم اقبال کے شایان شان انہوں نے پانی کے پہلے "(WATERGATE)" کی کہانی نظم میں سنائی جسے بجا طور پر مثنوی واٹرگیٹ کا نام دینا چاہئے۔ اقبال کے ساتھ واٹرگیٹ کا جو تعلق ہے اسکا فیصلہ قارئین خود ہی کریں۔ ایک بےموقع نظم اقبال جیسی ہستی کا دن منانے کے موقع پر کیوں پڑھی گئی! اسکی دلیل شاید ڈاکٹر صاحب کے پاس ہی ہوگی! سوء اتفاق سے دو تین مزاحیہ نظمیں پڑھی گئیں۔ ایک نظم کا عنوان تھا "اگر آج غالب زندہ ہوتے تو کیا کرتے"۔ غالب کے ساتھ یہی کیفیت مونگنے والی بات تھی! ایک دوسری نظم پڑھی گئی جس کا عنوان تھا "کراچی کا قبرستان"۔ قادری کے نقطہ نظر سے مزاحیہ ہی ہو گی۔ یاد رہے کہ یہی اصحاب ٹورانٹو کی یہ نظمیں پڑھ چکے ہیں، وہ ہر محفل میں یہی پڑھتے ہیں۔ پنجابی زبان میں یوں کہنا چاہئے کہ صرف ان نظموں ہی کی ان کا "اَنت پھنا" ہو گیا ہے۔

اس قسم کے مشاعرے کا یہ ... صرف ... ضروری ہوا ... ہے کہ علم نہیں ... اپنی ... خاتمہ ہوئی اور کچھ حاصل ہی نہ ہوا۔ انجمن مبارکباد کی مستحق صرف اس حد تک ہے کہ انہوں نے اس تقریب کے لئے بڑی محنت کی اور بس! منتظمین بے نیازی کے ساتھ مائیک کے پیچھے بیٹھے رہے حالانکہ انہیں چاہئے تھا کہ move ہوتے اور کم از کم شور و غل کرنے والوں کو کنٹرول کرتے یا بچوں کو یا ان کے والدین کو کہتے کہ اپنے بچوں کی خود حفاظت کریں جو کچھ بے لگام WILD ہو رہے تھے۔ اول تو ایسی تقریبات ... بچے ہی نوجوان: بقول اقبال:

عصر حاضر ملک الموت ہے تیرا جس نے
قبض کی روح تری دے کے تجھے فکر معاش

دوسرے اگر کبھی کبھار غلطی سے ایسی تقریب منعقد ہو بھی جائے تو اسکا ستیاناس کر دیا جاتا ہے جو کیا جاتا ہے آئندہ ایسا نہیں ہوگا (اور آئندہ دوسری انجمن کیلئے مشعل راہ ہوگی ہے)۔ ایک اور بات بھی سمجھ میں نہیں آئی وہ یہ کہ قبلہ برقی کو لمبا/لوہا ٹورانٹو/آٹوا سے مہمان مدعو تھے کیا وجہ ہے پاکستانی عمارت نما ٹرالی ... موجود نہ تھا!

ایک انوکھی بات جو اس مشاعرے میں دیکھی گئی وہ یہ تھی کہ نصف آدمی فرش پر بیٹھے تھے اور نصف فرش پر۔ یعنی گیلری میں کرسیوں پر براجمان تھے۔ وہ کچھ عجیب سماں تھا۔ فرش پر بیٹھے مجھے اقبال کا شعر یاد آرہا تھا:

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

صدر کی درخواستوں کے باوجود بھی ان لوگوں نے کرسیاں چھوڑنا مناسب نہ سمجھا (کرسی سے کسقدر پیار ہو جاتا ہے حضرت انسان کو) یہ پتہ نہیں کہ تحت الثریٰ اور اوج ثریا کا موجد کون تھا! اتفاق کی بات ہے جس شخص کے یوم پیدائش کی تقریب میں یہ اصحاب آئے ہوئے تھے وہ ساری عمر بوریا نشین رہا!

میرا خیال ہے جس دن گدڑا اونٹ پر سوار ہو جائیگا اس دن ہم میں بھی تنظیم پیدا ہو جائے گی۔ ابھی تک ہم نے اپنی آنکھیں نیچی کر رکھی ہیں اور سو رہے ہیں۔ یقیناً ہمارا رفتہ اصحاب کہف سے ہی ملتا ہوگا!!

بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے
مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

غزل

حسن علی حسن (ٹورانٹو)

خوب سوجھی ہے نصیحت کہ یہ نادانوں کو
عقل کا راستہ دکھلاتے ہیں دیوانوں کو

کیا ضرورت ہے بُرا کہیے جو شیطانوں کو
اب تو انسان کشی آگئی انسانوں کو

شہر میں جائے شنا دو یہ مسلمانوں کو
در مسجد پہ جگہ مل گئی میخانوں کو

مجھ سے کہتے ہو کہ اظہار تمنا کر دوں
حوصلہ ہو تو مٹا دو مرے ارمانوں کو

جس جگہ ہر بارشی بات سنائی جائے
کوئی پڑھتا نہیں اس قسم کے افسانوں کو

... پانی ہے
... شمع جلا ... پروانوں کو

... ہے
... وہ بیابانوں کو

... چشم
... جا سکتا ہے حیوانوں کو



پکوان

قیمہ بھرے کریلے

اشیاء:- آدھا سیر قیمہ۔ ایک پاؤ کریلے۔ آدھا سیر پیاز۔ لہسن کی چار پانچ پھانکیں۔ سرخ مرچیں ایک چائے کا چمچہ۔ دھنیا پسا ہوا ڈیڑھ چائے کا چمچہ۔ لہسن چار پانچ جوئے۔ ہلدی تھوڑا سا۔ زیرہ۔ گھی دو یا تین چمچے۔ نمک حسب ذائقہ۔ تین چار ہری مرچیں اور ایک گڈی ہرا دھنیا۔

ترکیب:- کریلے کو اوپر سے صاف کر لیں۔ چاقو سے کریلے کو درمیان سے پھاڑ کر اندر سے صاف کر لیں۔ نمک لگا کر تین چار گھنٹوں کے لئے دھوپ میں رکھ دیں۔ پھر پانی سے خوب اچھی طرح دھو لیں۔ پیاز کو باریک کتر لیں۔ ایک کھلے منہ کی دیگچی میں گھی خوب اچھی طرح گرم ہونے دیں۔ جب گھی گرم ہو جائے تو اس میں کریلوں کو تل لیں۔ گلابی ہو جائیں تو نکال لیں۔ اس طریقے سے کریلوں کی کڑواہٹ ختم ہو جاتی ہے۔ بقیہ گھی میں پیاز کو گلابی کر لیں۔ پھر اس میں قیمہ ڈالیں اور سارا مسالہ ڈال کر خوب بھونیں۔ تھوڑا سا پانی ڈال کر پکنے کے لئے چھوڑ دیں۔ قیمہ پک جائے تو اس میں ہری مرچیں اور ہرا دھنیا باریک کتر کر ڈالیں۔ اب اس قیمے کو کریلوں میں بھر کر دھاگے سے باندھ لیں۔ کچھ قیمہ فالتو بچ گیا ہے۔ اس کے دو حصے کر لیں۔ آدھے قیمے کی تہہ بچھائیں اور اس پر کریلے رکھ دیں۔ باقی قیمہ اس پر پھیلا دیں۔ کھٹائی بھی ڈال دیں۔ آدھی پیالی پانی چھڑک کر بہت دھیمی آنچ پر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ لیجئے قیمہ بھرے کریلے تیار ہیں۔

قیمہ بھری مرچیں

اشیاء:- ایک پاؤ بڑی موٹی پہاڑی مرچیں۔ ایک پاؤ قیمہ۔ ایک پاؤ پیاز۔ دھنیا اور پسی ہوئی سرخ مرچیں ایک چائے کا چمچہ۔ لہسن تین چار جوئے۔ ہلدی چوتھائی چھوٹا چمچہ۔ زیرہ تھوڑا سا۔ ہرا دھنیا ایک گڈی۔ آم کی کھٹائی تین چار پھانکیں۔ نمک حسب ذائقہ۔ گھی ایک بڑا چمچہ۔

ترکیب:- گھی گرم کر کے پیاز کو گلابی کر لیں۔ زیرہ ڈال کر قیمے کو خوب بھونیں۔ نمک، مرچ، دھنیا، ہلدی اور لہسن پیس کر ڈال دیں۔ ایک کپ پانی ڈال قیمہ پکنے کے لئے چھوڑ دیں۔ خشک ہو جائے تو اس پر ہرا دھنیا باریک کتر کر ملا لیں۔ پہاڑی مرچوں کو خوب اچھی طرح دھو لیں۔ ان کو درمیان سے چاقو کے ذریعے پھاڑ دیں۔ اب اس میں قیمہ بھریں اور دھاگے سے باندھ دیں۔ بقیہ قیمے کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک تہہ بچھائیں۔ اس پر مرچیں رکھ کر اوپر قیمہ پھیلا دیں۔ کھٹائی ڈال کر آدھا کپ پانی ڈالیں اور دھیمی آنچ پر دم پر آنے کے لئے چھوڑ دیں۔ دہی کے رائتے کے ساتھ اس ڈش کا لطف دو بالا ہو جائے گا۔

منگوڑیوں کا سالن

مونگ کی دال ایک پاؤ، سرخ مرچیں، دھنیا پسا ہوا آدھا چمچہ، لہسن چار پانچ جوئے، ہلدی آدھا چھوٹا چمچہ، پیاز ایک عدد درمیانہ سائز کی، چار لونگیں، چار سیاہ مرچیں، ایک الائچی۔ تھوڑا سا زیرہ اور نمک حسب ذائقہ۔

ترکیب:- مونگ کی دال چار پانچ گھنٹے کے لئے بھگو دیں۔ پھر اسے باریک پیس لیں۔ ایک چمچہ سرخ مرچیں، حسب ذائقہ نمک، سارا گرم مصالحہ اور زیرہ باریک پیس کر دال میں ملا دیں۔ کڑاہی میں تیل یا گھی گرم کر کے پھینٹی ہوئی دال کی چھوٹی چھوٹی گولیاں تل لیں۔ سرخ ہونے پر نکال لیں۔ اب ایک دیگچی میں ایک چمچہ گھی ڈال کر پیاز باریک کتر کر سرخ کر لیں۔ دھنیا، لہسن اور ہلدی ڈال کر خوب بھون لیں۔ تین چار کپ پانی ڈال دیں۔ ابال آجائے تو اس میں منگوڑیاں ڈال دیں۔ جب پانی آدھے سے بھی کم رہ جائے تو اتار لیں اور اس پر ہرا دھنیا باریک کتر کر ڈال دیں۔

انڈے پراٹھے کا سالن

اشیاء:- بیسن آدھا پاؤ، ایک چمچہ پسی ہوئی مرچیں اور دھنیا، لہسن تین چار جوئے۔ ہلدی آدھی چمچی۔ پیاز ایک عدد درمیانہ سائز کی، ایک عدد انڈا یا تیل، نمک حسب ذائقہ، زیرہ تھوڑا سا۔

ترکیب:- بیسن میں نمک، مرچیں، زیرہ باریک پیس کر ڈالیں۔ بیسن کو گھول لیں۔ اس بیسن کو چھلکیوں کے بیسن سے پتلا رکھا جاتا ہے۔ اب پراٹھے پکانے والے توے کو خوب گرم کر لیں۔ ایک چائے کی مد سے اس پر ہلکا سا گھی لگائیں اور ایک چمچہ بیسن توے پر ڈال کر پھیلائیں۔ یہ ایک باریک سی تہہ بن جائے گی۔ جلدی سی سک جائے تو رول کر دیں اور اتار لیں۔ اسی طرح سارے بیسن کے رول بنا لیجئے۔ دیگچی میں گھی ڈال کر پیاز لال کریں۔ مصالحہ بھونیں۔ دو کپ پانی ڈال دیں۔ جب ابال آجائے تو اس میں بیسن کے رول دو دو انچ کے ٹکڑوں میں کاٹ کر ڈال دیں۔ شوربہ جب آدھا رہ جائے تو اتار لیں اور اس پر ہری مرچیں اور ہرا دھنیا باریک کتر کر ڈالیں۔ کھاتے وقت لیموں نچوڑ کر کھائیں۔ مزہ دے گا۔

پولٹری فارم کے مالک کی لڑکی نے ایک انڈے پر لکھ دیا: "مجھے اس کے پندرہ پیسے ملے آپ کو کتنے میں پڑا؟" چند مہینوں بعد ایک سیاستدان کی طرف سے اس لڑکی کو ایک خط موصول ہوا لکھا تھا: "ملک کے حالات پر تقریر کرنے سے پہلے مجھے یہ انڈا ملا اور مفت ملا۔"

بہنوں کی خدمت میں عید مبارک

(ادارہ)

حج

انجم ...

اے پسر خلیل کی سیکھ ادا جو ہے تجھ کو منزل کی آرزو
کہ چھری رکے تو رکے مگر یہ سر کٹا نہ کہ ترا گلو!

یہ شعر ایک عظیم الشان عبادت ہے اور اسی تاریخ پر شریعت ابراہیمی، شریعت محمدی پر گامزن ہوئی۔ قربانی دین اسلام کی ایک مقدس رسم ٹھہری اور صدیوں سے اسلامیان عالم اسے ایک مقدس فریضہ سمجھ کر اس کی ادائیگی کرتے چلے آئے ہیں۔

حج بیت اللہ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ لاکھوں فرزندان توحید دنیا کے کونے کونے سے ہر سال اس مقدس فرض کو پورا کرنے کے لئے ایک مرکز پر جمع ہوتے ہیں۔ ان دونوں فرائض کے مابین عید الاضحیٰ ہے جسے بلا امتیاز رنگ و نسل، شرق و غرب اور طبقہ، ذات برادری مسلمان ہر سال جوش و خروش سے مناتے ہیں۔

اسے محض حسن اتفاق نہیں، ایک قدرتی امر سمجھنا چاہیئے کہ ذکر تینوں عوامل اسلام کا براہ راست تعلق دو پیغمبروں کے علاوہ ایک خاتون سے بھی ہے اور وہ خاتون حضرت ہاجرہؑ ہیں۔ ایک پیغمبر کی زوجہ اور ایک عظیم پیغمبر کی ماں۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبران میں سے کسی کو سوائے ایک کے یہ اعزاز نہ ملا کہ ان کی شریعت تا حیات جاری و ساری رہتی۔ اسی طرح کسی خاتون کو یہ اعزاز نہ ملا کہ وہ ان پیغمبر کی شریک حیات اور ان کے صاحبزادے کی ماں بنیں جو خود بھی ایک پیغمبر تھے۔

بیٹے کی قربانی اگر ایک باپ کی شفقت پدری کا امتحان تھا تو اس میں ایک ماں کی ممتا کی آزمائش بھی تھی۔ حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے تھے تو حضرت ہاجرہؑ کے بھی بیٹے تھے۔ اس طرح دو پیغمبروں کے ساتھ اس خاتون کا بھی دخل تھا۔ اور حج کے فریضے کا تو تمام تر تعلق حضرت ہاجرہؑ سے ہے۔ حج کے دوران مسلمانوں کو جن مدارج سے گزرنا ہوتا ہے وہ زیادہ تر وہی ہیں جن سے حضرت ہاجرہؑ گزری ہیں بلکہ حضرت ہاجرہؑ نے ممتا کے جذبے کے تحت جو جو مراحل دکھائیں وہ خداوند ذوالجلال کو اس قدر پسند آئیں کہ آئندہ کیلئے خلیل اور رسول کریم کی امت کو ان کا تابع کر دیا۔ اس اعتبار سے حضرت ہاجرہؑ کو دنیا کی کل خواتین میں ایک امتیازی اور منفرد مقام حاصل ہے۔

حضرت ہاجرہؑ دربار شام کے ایک بادشاہ کی کنیز تھیں۔ لیکن خداوند عز و جل نے انھیں پاکباز رکھا تھا اور وہ بادشاہ کے دست برد سے محفوظ تھیں۔ حضرت ابراہیمؑ اپنی زوجہ محترمہ حضرت سارہؑ کے ہمراہ ہجرت کر کے شام کی طرف جا رہے تھے۔ راستے میں اس بادشاہ کی حدود سلطنت پڑتی تھی۔ حضرت سارہؑ بے حد خوبصورت تھیں۔ بادشاہ کو ان کے حسن و جمال کی خبر ہوئی تو اس نے حضرت ابراہیمؑ کو بلا بھیجا اور آپؑ سے پوچھا کہ ان کے ساتھ جو خوبرو خاتون ہیں وہ کون ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ بادشاہ کی بدنیتی کو بھانپ گئے اور کہہ دیا کہ وہ میری بہن ہے۔ آپ نے حقیقت اس لئے چھپائی کہ بادشاہ انھیں خاتون کا خاوند ہونے کی وجہ سے ہلاک کرا دیتا یا کوئی نقصان پہنچاتا۔

آپؑ نے بادشاہ کے ہاں سے واپس آکر حضرت سارہؑ کو سب بتا دیا اور انھیں سمجھایا کہ اگر بادشاہ پوچھے تو سچ بتانا۔ دیکھیں تم دین میں میری بہن ہی لگتی ہو۔ چنانچہ جب بادشاہ نے حضرت سارہؑ کو بلا بھیجا اور پوچھا تو انھوں نے بھی بتایا۔ پھر آپؑ نے دیکھا کہ بادشاہ کی نیت اچھی نہیں ہے تو آپ خدا کے سامنے سر بسجود ہو کر دعا مانگی کہ پروردگار! میں تیرے پیغمبر پر ایمان لائے ہوئی اور ان کی منکوحہ ہوں۔ میری عزت و ناموس کا تو امین ہے۔ اس کافر کو مجھ پر قابو نہ پانے دیجو!

جب بادشاہ ... بادشاہ ... ہوا ... پچھتانے لگا ...

بادشاہ کو اس ... حضرت سارہؑ ... یہ اس ... نہیں کروں گا۔ حضرت سارہؑ نے پھر دعا کی ... بادشاہ فوراً اچھا ہو گیا۔

بادشاہ نے دل سے تائب ہو کر ... بادشاہ نے ... حضرت ہاجرہؑ کو ... خدمت کے لئے ... حضرت سارہؑ کو ...

پھر ایسا ہی ہوا۔ وہ مردود تائب ہو کر جاتا اور عذاب میں مبتلا ہو کر توبہ کرتا اور منت سماجت کرتا۔ آخر انہی پر وہ شکست سے کھا گیا اور حضرت سارہؑ کو رخصت کر دیا۔ آپؑ کو رخصت کرتے وقت اس نے حضرت ہاجرہؑ کو بطور خدمت گار حضرت سارہؑ کے ساتھ کر دیا۔

اس طرح حضرت ہاجرہؑ کو حضرت ابراہیمؑ سے قرب حاصل کرنے کا موقع ملا۔ اس کے بعد حضرت سارہؑ نے آپؑ کو حضرت ابراہیمؑ کے حوالے کر دیا اور وہ آپ کے عقد میں آگئیں۔ ان کے بطن سے حضرت اسمٰعیلؑ کا دنیا میں ورود مسعود ہوا۔

جس جگہ مکہ معظمہ عالم وجود میں آیا وہ غیر آباد تھی۔ وہاں کسی ذی روح کا نام و نشان نہ تھا۔ خانہ کعبہ ابھی تعمیر نہ ہوا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہوا کہ اس ویرانے کو آباد کیا جائے۔ وہاں بستی بسائی جائے اور خانہ خدا بنایا جائے۔ نیز اس مقام سے کل عالم کو منور کرنے والا دائمی اور ابدی سورج طلوع کیا جائے۔ چنانچہ رب دو جہاں نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا کہ حضرت ہاجرہؑ اور اپنے فرزند اسمٰعیلؑ کو اس ویران اور لق و دق صحرا میں چھوڑ آئیں۔

حضرت ابراہیمؑ نے ایک مشکیزہ پانی اور خرما کا ایک تھیلا ساتھ لیا اور بیوی بچے کو اس جگہ چھوڑنے گئے۔ جب آپؑ وہاں سے تنہا لوٹنے لگے تو حضرت ہاجرہؑ بھی پیچھے پیچھے چلیں اور کہا کہ آپ ہمیں یہاں اکیلا چھوڑے جا رہے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے کوئی جواب نہ دیا۔ تب آپؑ نے پوچھا کیا آپ کو اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم دیا ہے؟ حضرت ابراہیمؑ نے اثبات میں جواب دیا تو حضرت ہاجرہؑ نے فرمایا کہ پھر تو وہی ہماری خبر گیری اور نگہبانی کریگا۔ یہ کہہ کر اپنی جگہ پر جا بیٹھیں۔

بھوک لگتی تو کھجوریں کھا کر پانی پی لیتیں اور صبر و شکر کر کے حضرت اسمٰعیلؑ کو دودھ پلاتیں۔ آخر پانی ختم ہو گیا اور پیاس نے ستانا شروع کیا۔ حضرت اسمٰعیلؑ کی تو حالت غیر ہونے لگی۔ دم لبوں پر آگیا۔ ماں سے بیٹے کی حالت دیکھی نہ گئی۔ خالی مشکیزہ اٹھایا اور کوہ صفا پر چڑھیں جو سامنے تھا۔ چاروں طرف نظر دوڑائیں لیکن پانی کہیں نظر نہ آیا۔ وہاں سے مایوس ہو کر نیچے اتریں اور دوسرے پہاڑ مروہ کی طرف چلیں۔ راستے میں ایک مقام پر نشیب تھا۔ وہاں سے بچہ دکھائی نہ دیتا تھا۔ جلدی سے بھاگ کر زمین کی اونچی سطح پر آگئیں۔ بچے کی طرف سے اطمینان ہوا تو مروہ پر چڑھیں۔ وہاں بھی ناامید ہوئیں، نیچے اتر آئیں۔ حواس قابو میں نہ تھے۔ پیاس سے تڑپتی ہوئی ننھی سی جان کی معصوم شکل نظروں میں پھر آتی تھی۔ بے ساختہ بے تابی سے پھر کوہ صفا پر چڑھ دوڑیں۔ اسی عالم بے خودی میں دونوں پہاڑوں پر سات پھیرے کئے۔ ہر بار اس قطعہ زمین کو دوڑ کر طے کرتیں۔

اللہ تعالیٰ کو آپؑ کا یہ انداز بے خودی اور عمل خود فراموشی اتنا پسند آیا کہ اسے صحیفہ رسالت پر رقم فرما دیا۔ زائرین کعبہ کے لئے تا قیامت یہ قرار دیا کہ دونوں پہاڑوں کے اسی طرح سات پھیرے کریں اور ہر مرتبہ اس قطعہ زمین کو جو گڑھے کی صورت میں تھا اور اب ہموار ہو گیا ہے، بھاگ کر طے کریں۔

حضرت ہاجرہؑ آخری پھیرے میں کوہ مروہ پر تھیں کہ آپؑ کے کانوں میں ایک آواز پڑی۔ آپؑ نے غور سے سننے کی کوشش کی اور دوبارہ وہی آواز آئی لیکن نظر کوئی نہ آیا۔ آپؑ نے بلند آواز سے کہا کہ میں نے آواز سن لی ہے۔ اگر کوئی مدد کر سکتا ہے تو کرے۔ اسی وقت غیب سے ایک فرشتہ نمودار ہوا اور اس نے زمین پر ایک جگہ اپنا ہاتھ مارا۔ فوراً وہاں پانی اچھل پڑا اور چشمہ سا جاری ہو گیا۔ آپؑ نے اردگرد کی مٹی جمع کر کے پانی کو گھیر لیا۔ اپنا مشکیزہ بھرا، خود بھی پانی پیا اور شیر خوار فرزند کو بھی پلایا۔ بچے کی پیاس بھی بجھائی۔ یہی چشمہ آب حیات بعد میں آب زمزم کا کنواں بن گیا۔

رفتہ رفتہ ... اس جگہ ... ایک قافلہ وہاں سے گزرا۔ قافلے والوں نے پانی کا چشمہ دیکھ کر وہاں پڑاؤ ڈالا اور ایک بستی کی بنیاد پڑ گئی جس نے مکہ معظمہ کی صورت اختیار کی۔

حضرت اسمٰعیلؑ کی شادی ہو گئی۔ پھر حضرت ابراہیمؑ یہاں تشریف لائے اور دونوں باپ بیٹوں نے خانہ کعبہ کی تعمیر کی۔ اس وقت چشمے کا پانی زمین کی تہہ میں چلا گیا تھا۔ بعد میں اجداد رسول اکرمؐ نے زمزم بن کر چاردانگ میں مشہور ہوا۔

غزل

اسماء وارثی نازؔ (نووا سکوشیا)

نامۂ ہر لے کے فقط تیرا اسلام آیا ہے
جانے کیسا ترا مبہم سا پیام آیا ہے

ایک ذرہ تھا جسے آپ نے تابندگی دی
زہے قسمت ترے لب پر مرا نام آیا ہے

تیری مخمور نگاہوں کے تلم پہ نثار
راز پنہاں تھا جو دل میں سرعام آیا ہے

کیوں بجھے جاتے ہیں روشن سے خوابوں کے چراغ
کون گھبرائے تبسم لب بام آیا ہے

جب مجھے اذن طلب درگہ پرواں سے ملا
میرے ہر حرف پہ فقط تیرا ہی نام آیا ہے

رنگ و نور کیف و طرب ساز و ترنم لے کر
کیسے انداز سے وہ مست خرام آیا ہے

... سال ... ہر ... پہ
شکر ہے کہ ان کے ہر حرف پہ مرا نام آیا ہے

آخر غم ہو گئی ... ہے
نازؔ رنگ میں ترا صبر بن کام آیا ہے

سرزمین شمالی امریکہ سے شائع ہونے والا پہلا ادبی و تہذیبی رسالہ

سہ ماہی **نیا دور**

★ نیا دور کے اب تک چار شمارے شائع ہو چکے ہیں۔
★ نیا دور نے اپنی زندگی کا ایک سال پورا کر لیا ہے۔
★ نیا دور کا اگلا شمارہ سالنامہ ہوگا۔

جس میں وہ سب کچھ ہوگا جس کی آپ نیا دور سے توقع رکھتے ہیں

اچھا ادب پڑھنے والے کے ذہن کو روشن کرتا ہے اور اچھا ادب نیا دور کا آدرش ہے

... نیا دور کا ... سب کی تخلیقی و ذہنی قوتوں کا مرکز ہے

منیجر نیا دور

اپوزیشن کے پارلیمانی لیڈر قادیانیوں سے متعلق فیصلے پر عملدرآمد کے لیے وزیراعظم سے بات چیت کرینگے

مرکزی مجلس عمل کا اجلاس اہم امور پر غور کرنے کے بعد ختم ہو گیا

انتخابات کے بائیکاٹ اور استعفے دینے کا معاملہ محاذ کی جنرل کونسل میں پیش کیا جائیگا

فیصلے پر عمل کرانے کے لیے تحریک چلائی جائیگی: مجلس عمل تحفظ ختم نبوت

ربوہ کو کھلا شہر بنانے اور قوانین میں مجوزہ ترمیمیں کرنے کا مطالبہ

راولپنڈی ۔۔۔ (نامہ نگار خصوصی) مجلس عمل تحفظ ختم نبوت نے اپنے ان ارکان کو جو قومی اسمبلی کے رکن ہیں ہدایت کی ہے کہ وہ وزیراعظم کے ساتھ ...

متحدہ عرب امارات کے سفیر ... سے بات چیت کر رہے ہیں

اقتدار منتقل کرتے وقت یحییٰ خان کانپ رہا تھا، نشے میں دھت تھا

میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ پاکستان کے دشمنوں سے ضرور انتقام لوں گا: بھٹو

ملتان ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم بھٹو نے آج یہاں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ... یحییٰ خان نے جب اقتدار میرے حوالے کیا تو وہ بری طرح کانپ رہا تھا۔ اس کے ہاتھوں میں رعشہ تھا اور وہ شراب کے نشے میں دھت تھا ...

طالبات حضرت فاطمۃ الزہرا کے نقش قدم پر چلیں: بیگم رانا

شفاءالملک حکیم محمد حسن قرشی انتقال کر گئے

انا للہ وانا الیہ راجعون

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) تحریک پاکستان کے نامور کارکن ... شفاءالملک حکیم محمد حسن قرشی آج شام انتقال کر گئے ...

پاکستان اور لیبیا فاتح ہسپانیہ طارق بن زیاد کے بارے میں مشترکہ طور پر فلم تیار کریں گے

فلم کی تیاری پر پانچ کروڑ روپے لاگت آئے گی

لاہور ۔۔۔ (نامہ نگار خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اور لیبیا کے اشتراک سے اسلام کے عظیم سپہ سالار اور فاتح ہسپانیہ طارق بن زیاد کی زندگی پر ایک فلم تیار کی جائیگی ...

اصغر خان کو ڈیرہ غازی خان یا مظفر گڑھ جانے سے روک دیا گیا

تحریک استقلال کے سربراہ کا قافلہ سارا دن سڑک پر پولیس کے محاصرے میں رکا رہا

ملتان ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) تحریک استقلال کے نائب صدر ... کی طرف سے جاری کئے گئے ایک پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ آج تحریک کے سربراہ ایئر مارشل اصغر خان اپنے ساتھیوں کے ساتھ ... جا رہے تھے ...

DECORATE YOUR HOME OR OFFICE PRESENT BEAUTY AND ELEGANCE

WITH **ONYX** PRECIOUS AND STRONG

اپنے گھر یا دفتر کی آرائش کیلئے، یا کسی کو تحفہ دینے کیلئے آنکس کی خوبصورت اشیاء منتخب کیجیے

سردیوں کی طویل شام کو اپنے خاندان یا دوستوں کے ساتھ گھر پر کیرم بورڈ سے دل بہلائیے

GIFT OR FOR YOURSELF

WINTER IS COMING MIGHT BE YOU WOULD LIKE TO ENJOY A GAME OF

CAROM BOARD

WITH FAMILY & FRIENDS

FOR INFORMATION PLEASE CALL: (416)921-0960 OR (514)681-6997
IF NO ANSWER PLEASE WRITE AND GIVE YOUR PHONE NO.

Mr. J.KHAN
165 ROXBOROUGH ST. W., TORONTO ONT. OR
1503- 4311 OLD ORCHARD AV. MONTREAL PQ.

پاکستان اور بھارت کے درمیان تجارت پر پابندیاں ختم ہوگئیں

[illegible]

اقوام متحدہ میں پاکستان کی کامیابی پر میں قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، بھٹو

بلوچستان کے مسئلے کا حل ہمارے ہاتھوں میں ہے

مرزائیوں کا مسئلہ خوبصورتی اور انصاف سے حل کیا گیا ہے

[illegible]

سعودی عرب اسرائیل کے حامی ملکوں کے بنکوں سے اپنا سرمایہ نکلوا رہا ہے

[illegible]

پاکستان کے نئے سفیر تہران پہنچ گئے

[illegible]

کرکٹ میں آسٹریلیا کی جیت

آسٹریلیا اور انگلستان کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے انگلستان کو ۱۲۲ رنز سے ہرا دیا۔ آسٹریلیا کے کل ۲۹۵ رنز کے مقابلے میں انگلستان نے ۲۲۹ رنز بنائے۔

مرسلہ سلیم ظفر

Environment Ontario goes local.



ہر ایک کمیونٹی کی بہتر خدمت کے لیئے چھ نئے ریجنل دفاتر

ایسے صوبے میں جسکا رقبہ ہمارے جتنا ھے۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ڈرائیو کرکے پہنچنے میں ھی دو دن لگتے ھیں۔

یہ اتنا وسیع ھے، اتنا بڑا ھے۔ اور اتنے وسیع رقبے کے گرد و پیش کی رکھوالی کرنا آنٹیریو کی گورنمنٹ کا ایک پیچیدہ کام ھے۔

کئی سالوں سے ھم ٹورونٹو سے کام کر رھے ھیں، آپ میں سے کتنے ھی طویل فاصلوں پر کام کرتے ھیں۔

اب وہ سب کچھ بدل چکا ھے۔ وزارت گرد و پیش (MINISTRY OF THE ENVIRONMENT) آپکے پاس آ گئی ھے۔ تمام صوبے میں گرد و پیش کی نگرانی اب چھ (۶) ریجنل دفاتر میں کی جاتی ھے۔ ۲۲ اضلاعی دفاتر بھی ھیں جو کہ گرد و نواحی خدمات جیسے فضا، زمین اور پانی پر گھری نظر رکھتے ھیں۔

ھر ریجن کا ایک ڈائریکٹر ھے، جسکا کام آنٹیریو کے ایک مخصوص حصے کے گرد و نواح کی رکھوالی کرنا ھے۔

ریجنل ڈائرکٹرز تمام پیشہ ور ھیں، جن کو گرد و نواحی انتظام کرنے کا کئی سال تجربہ ھے۔ وہ اپنے مخصوص ریجن (REGION) کی گرد و نواحی ضروریات سے آپکو روشناس کرا رھے ھیں۔ یہ آنٹیریو کی حکومت کی نئی پالیسی کا ایک حصہ ھے کہ گرد و نواحی نگرانی کو اس کے سرچشمے سے قریب لایا جائے۔

The New Ontario Ministry of the Environment

Ontario

The Hon. William G. Newman
Minister
Everett Biggs
Deputy Minister

Regional offices are located in:
Thunder Bay, Sudbury,
Kingston, London, Don Mills
and Stoney Creek.

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

لاہور پاکستان میں مقیم ایک مسلمان کنوارے نوجوان ایڈووکیٹ کے لیئے کینیڈا میں مقیم کسی کنواری، مطلقہ یا بیوہ کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند اس پتے پر خط و کتابت کریں۔

P.O. Box 538
Postal Stn. C
Toronto, Ont.
Canada M6J 3T4

●

ایک ۲۲ سالہ سنت الجماعت بی ایس سی لڑکے کے لیئے کینیڈا میں امیگرنٹ قبول صورت لڑکی سے رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند حضرات درج ذیل ٹیلیفون پر رابطہ قائم کریں:-

(416) 444-7450

●

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے)

ریڈیو پروگرام "وطن"

ٹورانٹو اور اس کے آس پاس رہنے والے پاکستانی ہر جمعہ کو رات کے ۱۱ بجے پاکستانی خبروں اور گانوں پر مشتمل ریڈیو پروگرام CHIC 790 AM پر سن سکتے ہیں۔

کیا آپ کے چندے کی معیاد ختم ہو چکی ہے؟

آپ کے اخبار پر سرخ مہر اس بات کی علامت ہے کہ آپ کے چندے کی مدت ختم ہو چکی ہے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ اگر آپ اپنے اخبار پر یاد دہانی کی مہر دیکھیں تو اپنے چندے کی تجدید فرمائیں اور ساتھ ہی اپنے دوست احباب کو بھی اس اخبار کا خریدار بنائیں۔ ہمیں آپ کے تعاون کی سخت ضرورت ہے۔

جن قارئین کرام کو اخبار دیر سے ملنے کی شکایت ہے ان کی خدمت میں عرض ہے کہ ہماری طرف سے اخبار مقررہ تاریخ سے ایک دو دن پہلے ہی سپرد ڈاک کر دیا جاتا ہے۔ لیکن تیسرے درجے کی ڈاک ہونے کی بنا پر اخبار کا جلد یا دیر سے پہنچنا محکمۂ ڈاک کے رحم و کرم پر منحصر ہے۔ اس ضمن میں ہم نے پوسٹ آفس سے شکایت کی ہے۔ آپ بھی شکایت کریں۔ اخبار کو پہلے درجے کی ڈاک سے بھیجنے کے سلسلے میں ہم غور کر رہے ہیں۔ اس کے لیئے بھی آپکا تعاون درکار ہوگا۔

ہم نے اس خاص موقع پر رعایتی شرح چندہ کا اعلان کیا ہے۔ اس کے مطابق نئے خریداروں کا سالانہ چندہ صرف چار ڈالر ہوگا۔ اگر آپ پہلے ہی سے ہمارے خریدار ہیں تو اب اپنے کسی دوست کے لیے عید کے تحفے کے طور پر یہ اخبار لگوا دیں۔ یہ تحفہ سال بھر آپ کی یاد دلاتا رہے گا۔ (ادارہ)

ہم

اپنے کرم فرماؤں کو عید مبارک
پیش کرتے ہیں

[illegible]

****

[illegible]

SOLD
KEITH

SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

SOLD
KEITH

Complete Real Estate Service Throughout Ontario

شیخ عبداللہ ناقابل اعتماد اور بدنام سیاست داں ہیں

چور دروازے سے شیخ عبداللہ کو اقتدار پر بٹھانے کی مخالفت کی جائے گی۔ جن سنگھ

[illegible]

بھارت اور بنگلہ دیش کا مستقبل ایک دوسرے سے وابستہ ہے

پاکستان بنگلہ دیش کے اثاثوں اور واجبات کی ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے

[illegible]



آئندہ برس پاکستان کونسل کا صدر منتخب ہو جائے گا

[illegible]

عید ڈنر

ٹورانٹو کی جامع مسجد جیرارڈ اسٹریٹ
کی جانب سے ۲۸ دسمبر بروز منگل
شام کو ۷ بجے ڈنر کا بندوبست
کیا گیا ہے۔
بالغوں کے لیے داخلہ ڈھائی ڈالر
اور بچوں کے لیے ڈیڑھ ڈالر ہے مزید
معلومات کے لیے 769-7800 پر فون کیجیے

ملک میں شریعت کے نفاذ کی مہم کا آغاز کر دیا گیا

حکمرانوں نے اپنی روش تبدیل نہ کی تو ان کا اقتدار بھی باقی نہ رہیگا

ملک میں اب شراب اور سود کا نظام قائم نہیں رہ سکتا

[illegible]

سفیر پاکستان کا پیغام تہنیت

کینیڈا میں مقیم سفیر پاکستان جناب افتخار علی نے یہاں مقیم پاکستانیوں کو عید الضحیٰ پر مبارکباد کا پیغام دیتے ہوئے فرمایا کہ سنت ابراہیمی کو یاد رکھتے ہوئے کینیڈا میں مقیم پاکستانی تارکین وطن اپنا [illegible]

انسانی زندگی خوشی، غم اور حادثات سے عبارت ہے!
مستقبل کے دامن میں کیا ہے؟ اسے دیکھنا ممکن نہیں۔ اس لیے مستقبل کو روشن بنانے کے لیے منصوبہ بندی دانش مندی کی دلیل ہے اور بیمۂ زندگی معاشی منصوبہ بندی کا بہترین ذریعہ ہے۔
تفصیلات اور وضاحت کے لیے مجھے خدمت کا موقع دیجیے۔ اور مستقبل کے دھندلکوں کو دوراندیشی کی شمع سے روشن کیجیے۔

- CHILDREN'S EDUCATION AND MARRIAGE PLANS
- INCOME PROTECTION PLANS
- REGISTERED RETIREMENT SAVINGS PLANS

- MORTGAGE INSURANCE
- BUSINESS INSURANCE
- OTHER FAMILY PROTECTION PLANS

عید مبارک

A. QAYYUM FARANI

SunLife
OF CANADA

TORONTO, ONT. M5H 3C7

Res 261 5891

یا تو پاکستان بھی ایٹمی دھماکہ کریگا ۔ وزیر اعظم

PHILIPS

عید مبارک

پاکستان

میں

PYE

AAlice International

Unique Trade & Commerce

GRUNDIG

P. O. BOX 368 STATION "J"
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA

Phone: 459-0820

اصغر خاں کو گرفتار نہیں کیا گیا

بی بی سی کی خبر بے بنیاد ہے : سرکاری ترجمان

پیپلز پارٹی نے سابقہ تمام حکومتوں سے زیادہ اسلام کی خدمت کی ہے

میں روز محشر خدا کے حضور اسلام کیلئے اپنی خدمات کا حوالہ دوں گا

(وزیر اعظم بھٹو)

سری نگر میں عوامی مجلس عمل کے حامیوں کے مکانات کو آگ لگا دی گئی

دو عورتیں اور چار بچے جاں بحق ، اندرا گاندھی کی تصویر جلائی گئی

زرعی اور صنعتی پیداوار میں اضافہ کیلئے تمام ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں

سیم اور تھور کے انسداد کے لیے کروڑوں روپے کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے

بارش ہو جائے تو بہتر فصل کے امکانات ہو سکتے ہیں ۔ بھٹو

افغانستان میں ریڈیو پاکستان سننے پر پابندی

ٹورانٹو میں نماز عید

عید الفطر کے حوصلہ افزا تجربہ
کے بعد ٹورونٹو اور مضافات
کے مسلمان نماز عید الضحیٰ
بھی سی این ئی میں ایک
ہی جگہ ادا کر رہے ہیں ۔
نماز ۲۳ دسمبر بوقت ۹ بجے
صبح سی ۔ ایی ۔ ٹی کی
کولیزیم بلڈنگ میں ادا کی
جائیگی ۔ شمالی امریکہ میں
اسلامی تحریک کے پرانے
کارکن جناب حشام طالب
خطیب ہونگے ۔
مزید معلومات کیلئے جامع
مسجد کو ۴۲۹-۴۸۰۰ پر
فون کیجئے ۔
نماز عید کے بندوبست کیلئے
کئی رضاکاروں کی ضرورت ہے
اس خدمت کی بجا آوری میں
دلچسپی رکھنے والے حضرات
جناب انور سعید کو اس نمبر
پر فون کریں ۶۹۰-۵۳۳۵

گندم میں خود کفیل ہو کر چار ارب روپے کی بچت کی جا سکتی ہے

ہم اقتصادی جنگ جیت گئے تو ہر میدان میں فتح یاب ہوں گے ، وزیر اعظم

پاکستانی پھلوں اور سبزیوں کی برآمد کے وسیع امکانات ہیں

ملکی ضروریات کو متاثر کیے بغیر سبزیوں سے کافی زر مبادلہ کمایا جا سکتا ہے

افغانستان کی اسلامی مملکت کی حیثیت ختم کی جا رہی ہے

پاکستان بنگلہ دیش کو مزید امداد دینے پر تیار ہے ۔ بھٹو

ہم اپنے جذبہ خیر سگالی کے عوض کوئی معاوضہ نہیں چاہتے

کوپن ہیگن میں پاکستانی بنک کی شاخ کا قیام

شاندار افتتاح

عید مبارک کی خوشیوں میں
آپ کے ساتھ شامل



سورتی بازار



حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں.

PLEASE VISIT US FOR

Masalas; Condiment; Rice

HALAL MEAT & Dals

SURATI BAZAAR

761 Pape Ave., 461-7282
TORONTO Ont.

(MAIL DELIVERY AVAILABLE)

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورانٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ
سن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

عیدالاضحیٰ کا پیغام

خدا جن لوگوں سے محبت کرتا ہے انہیں کو امتحان اور آزمائش میں بھی ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا کہ وہ اپنے بیٹے کو جو سب سے زیادہ عزیز ہو اس کی قربانی دیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے حکم خداوندی کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے اپنے عزیز بیٹے کی قربانی پیش کی۔ آج بھی خداوند کریم پاکستان اور بھارت کے مسلمانوں کا امتحان لے رہا ہے… بھارت میں ہمارے مسلمان بھائیوں پر ظلم توڑے جا رہے ہیں اور ہمیشہ یہ جا رہے ہیں محض اس وجہ سے کہ وہ مسلمان ہیں اور انہوں نے پاکستان کے قیام میں مدد کی تھی اور اس سے ہمدردی ظاہر کی تھی۔ چاروں طرف سے تاریک بادلوں نے ہمیں گھیر رکھا ہے مگر ہم ان کے خوف سے رک نہیں سکتے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ اگر ہم نے قربانی کا وہی جذبہ پیش کیا جیسا حضرت ابراہیمؑ نے کیا تھا تو مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیمؑ کی طرح ہم پر بھی اپنی رحمتوں کی بارش کرے گا۔

یہ اقتباس بانیٔ پاکستان حضرت قائداعظمؒ کے اس پیغام کا حصہ ہے جو انہوں نے ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو عیدالاضحیٰ کے یوم سعید پر قوم کو دیا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں بابائے ملت نے یہ پیغام آج سے قریباً چھبیس برس قبل دیا تھا لیکن یہ آج بھی ہمارے لیے اسی طرح مشعلِ راہ ہے جس طرح اس وقت تھا۔ انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کی مظلومیت اور وطنِ عزیز کے بارے میں دشمنوں کے ناپاک مکروہ عزائم کی طرف اشارہ کیا تھا ان میں آج بھی سر مو فرق نہیں آیا بلکہ ایک لحاظ سے حالات آج کہیں زیادہ سنگین اور تشویشناک ہیں۔ ہمارے دشمن بدترین قسم کی جارحیت کے ذریعے وطنِ عزیز کے ایک بازو کو کاٹ چکے ہیں۔ وہ اب باقی پاکستان کے بھی حصے بخرے کرنا چاہتے ہیں ۱۹۴۷ء میں بھی بابائے قوم کی عدیم المثال قیادت میسر تھی۔ قوم بجا طور پر پُرعزم، بااعتماد اور باہم متحد تھی اس نے عظیم جانی و مالی قربانیاں پیش کر کے

پاکستان کے قیام کو ممکن بنایا۔ اور اس کی تعمیر کا آغاز کیا تھا اگر یہ جذبہ جاری و ساری رہتا اور ہم بابائے قوم کے فرمودات پر بے لوث خلوص نیت سے توجہ اور ایثار کے ساتھ عمل کرتے رہتے تو ہم یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے فیض یاب ہوتے اور ہم دنیا میں ایک عظیم قوم کی حیثیت سے ابھرتے لیکن افسوس قائداعظمؒ کے آنکھیں بند کر لینے کے بعد ہم نے اس سبق کو بھلا دیا اور انفرادی اور اجتماعی سطح پر ہم نے مفاد پرستی خود پرستی اور نفسا نفسی کو اپنا منتہائے مقصود و مطمح قرار دے دیا نفسا نفسی کی فضا میں اہم تغیر رونما آ گیا اس کے نتیجہ کے اندر انتشار کو بھی نظرانداز کرنے لگے ۱۹۷۱ء کے بدترین مضمرات ہو چکے تھے وہ ظاہر ہو کر رہے۔ ہمارا دشمن قوی ہو کر غالب ہوتا گیا کہ وہ اسے پھر تباہ کرنے کے خواب دیکھ رہا ہے۔

پاکستان میں ہر قسم کی صلاحیت ہے لیکن بد قسمتی سے ہمیں جو قیادت ملی فرد واحد کی تھی۔ ملت کو ایک طبقہ اس کے خلاف کوئی جلد کرتا رہا ہے۔ اس لیے سابقہ ارباب حکومت ہوں یا موجودہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ مشکل کی گھڑیوں میں ڈوبتے وقت انہیں بیٹے ماسے کی نشاندہی نہیں کی گئی بلکہ امر واقعہ یہ ہے کہ قومی حقوق کے مخلصانہ مشورے ذاتی اغراض کی بھینٹ چڑھتے رہے اور قوم دیکھتے ہی دیکھتے پستیوں میں گر کر رہ گئی۔ بہرکیف ہماری ناکامیاں اور محرومیاں اب بھی ختم ہو سکتی ہیں۔ سابقہ غلطیوں کوتاہیوں اور حماقتوں کا مداوا ہو سکتا ہے بشرطیکہ ہم بابائے قوم کے ارشادات و فرمودات کو مشعل راہ بنائیں۔ بابائے قوم نے ہمیں کوئی نئی راہ نہیں دکھائی انہوں نے ہمیں بھولی منزل ہی یاد دلائی تھی اور وہ منزل ہے اسلام۔ اگر ہم ایک مسلمان قوم کی حیثیت میں با وقار طور پر زندہ رہنا چاہتے ہیں اور دنیا میں اہم کردار انجام دینا چاہتے ہیں۔ اگر ہم دشمنوں کے مکروہ عزائم کو خاک میں ملانا چاہتے ہیں تو پھر ہمیں واقعی حضرت ابراہیمؑ کی طرح ایثار و قربانی کی اعلیٰ مثالیں پیش کرنا ہوں گی۔ اور پیغمبر آخرالزمان کے خطبۂ حجۃ الوداع کی روشنی میں نسلی، لسانی، علاقائی اور ہر قسم کے دوسرے امتیازات و تعصبات سے دستبردار ہو کر ایک ملت، ایک رسول، ایک قرآن اور ایک خدا پر یقین و ایمان کا عملی ثبوت دینا ہوگا۔ اس ضمن میں سب سے زیادہ ذمہ داری حکمران طبقہ پر عاید ہوتی ہے۔ انہیں اپنے طرزِ عمل سے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ وہ حضور خاتم النبیین صلعم کے ارشادات سے سرِ مو گریز نہیں کر رہے اور یہ کہ حضرت ابراہیمؑ کی سنت میں ملک و ملت کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے سے گریز نہیں کر رہے۔ اگر وہ خود اسلام کا عملی نمونہ پیش کرنے لگے تو یقیناً قوم بھی ان کے نقشِ قدم پر چلنے لگے گی۔

خدا نے ہمیں یہ سنہری موقع عطا کیا ہے کہ ہم ثابت کر دکھائیں کہ ہم واقعی ایک نئی مملکت کے معمار ہونے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ خدارا کہیں لوگ ہمارے متعلق یہ نہ کہیں کہ ہم یہ بار اٹھانے کے قابل ہی نہ تھے۔
(بانیٔ پاکستان کا افسروں سے خطاب کراچی ۱۱ اکتوبر ۴۷ء)

قارئین کرام کو عید مبارک

حج اور عیدالاضحیٰ
مسلمانوں میں اخوت واتحاد کا تقاضا کرتے ہیں

از ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

عیدالاضحیٰ بھی عیدالفطر کی طرح اسلامی ثقافت میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ عیدالفطر رمضان المبارک کے روزوں کے بعد سے تزکیۂ نفس ہو جانے کی خوشی میں منائی جاتی ہے اور عیدالاضحیٰ سنتِ ابراہیمیؑ کی یاد تازہ کرنے کی خوشی میں منائی جاتی ہے۔ یہ سنت پہلو دار ہے۔ اس کا ایک پہلو حج اور دوسرا قربانی ہے۔ اس اجمال کی تفصیلاً وضاحت کی جاتی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنتِ حسنہ کا ایک پہلو یہ ہے کہ آپ نے قدرت کے اشارے کی تعمیل میں اپنے لختِ جگر کو قربان کرنے سے دریغ نہ کیا۔ آپ نے رویائے صادقہ میں جو دیکھا تھا اس کے مطابق اپنے فرزندِ ارجمند حضرت اسماعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری چلا دی اور اپنی دانست میں انہیں ذبح کر دیا لیکن آپ کی چھری پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے مورثِ اعلیٰ کی گردن پر چلنے کی بجائے ایک دُنبے پر چلی اور حضرت ابراہیمؑ کی اس روشِ تسلیم و رضا کو اپنے بندوں میں سنتِ جاریہ بنا دیا۔ اس تبدیلی کے ساتھ کہ اپنے جگر گوشوں کے بجائے جانوروں کی قربانی دینے کا حکم دیا گیا۔

باپ نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کیا تھا اور دونوں نے تسلیم و رضا کی ایسی مثال پیش کی تھی جس کی نظیر تاریخ پیش کرنے سے عاجز ہے۔ باپ بیٹے کی یہ روشِ تسلیم و رضا اللہ تعالیٰ کو اس قدر پسند آئی کہ دونوں کو خانہ کعبہ کی تعمیر اور اسے آباد کرنے کی ذمہ داری تفویض کی اور ان کے طوافِ بیت اللہ اور حج، نیز اس موقع پر جانوروں کی قربانی کی سنتِ حسنہ کو اہلِ تسلیم و رضا (یعنی مسلمانوں) میں ہمیشہ کے لئے جاری کر دیا۔

اب ہر سال مسلمان سنتِ ابراہیمیؑ کو تازہ کرنے کے لئے فریضۂ حج ادا کرنے مکہ معظمہ جاتے ہیں، طواف و سعی کرتے اور فریضۂ حج ادا کرتے ہیں تو دوسرے دن جانوروں کی قربانی دیتے ہیں اور اس حسنِ عمل سے انہیں جو سعادت حاصل ہوتی ہے اس کی خوشی میں عید مناتے ہیں۔ اہلِ تسلیم و رضا کی سب سے بڑی مسرت اپنے ربِ جلیل کے حضور سربسجود ہو جانا ہے چنانچہ وہ اس موقع پر نمازِ عید ادا کرتے اور اس طرح آنکھوں کی ٹھنڈک حاصل کرتے ہیں۔ نماز آنکھوں کی ٹھنڈک تو ہے۔ جیسا کہ اس حدیثِ طیبہ سے ثابت ہے۔ نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ (بخاری)

عیدالاضحیٰ ہر سال ہمیں اس حقیقت کی یاد دلانے آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے وہ ہیں جو اہلِ تسلیم و رضا ہیں اور اہلِ تسلیم و رضا وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ہر حکم پر بڑی سے بڑی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتے اور ان کے اعمال صالح اور تعمیری ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی اللہ جل شانہٗ کے دین کی حفاظت اور اس کے بندوں کی خدمت کے لئے وقف ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام سے بیت اللہ اس لئے تعمیر کرایا اور انہیں اس کا محافظ بنایا تھا کہ دینِ ابراہیمیؑ کے متبعین کے لئے ایک مرکز قائم کیا جائے۔ وجہ یہ ہے کہ مرکز سے افراد میں مرکزیت و قومیت پیدا ہوتی ہے اور مرکز کے بغیر ان میں اتحاد و ہم آہنگی اور یکجہتی و قومیت پیدا نہیں ہوتی لہٰذا اس مرکزِ اسلامی کی حفاظت ہر مسلمان کا اور ہر مسلم قوم کا اہم ترین فرض ہے۔

اس وقت ہمارے مرکزِ دینی و ملی کو صیہونیت سے زبردست خطرہ ہے۔ لہٰذا عیدالاضحیٰ جو ہر سال ہمیں حج بیت اللہ اور سنتِ ابراہیمی و اسماعیلی کی یاد دلانے آتی تھی اس بار یہ وعید دینے آتی ہے کہ یہود اور اس کے حلیفوں سے اللہ تعالیٰ کے گھر اور اس کے رسولِ برحق کے روضۂ اطہر کو سنگین خطرہ لاحق ہو گیا ہے اس کو ہمیشہ کے لیے دور کرنا تمام دنیا کے مسلمانوں کا اولین فرض ہے۔

تاریخ سے ثابت ہے کہ یثرب کے یہود جو قبل از اسلام ہی سے خانہ کعبہ کی عظمت و مقبولیت سے خار کھاتے تھے۔ ظہورِ اسلام کے بعد اس کے سخت دشمن ہو گئے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ مسلمانوں میں مرکزیت پیدا ہو گئی تو ان کی قوت ناقابلِ تسخیر ہو جائے گی۔ یہود یثرب یعنی مدینہ منورہ کے علاقے کو اپنا آبائی وطن سمجھتے تھے اور ساڑھے تیرہ سو برس سے اس پر قبضہ کرنے کے خواب دیکھ رہے ہیں۔ دوسری عالمگیر جنگ کے بعد جب یہود کو یورپ و امریکہ کی سلطنتوں کی حمایت و مدد سے فلسطین میں اپنی سلطنت قائم کرنے کا موقع ملا تو انہوں نے سب سے پہلے مسلمانانِ فلسطین کو ملک بدر کر دیا اور ان کی اراضی اور کاروبار پر قبضہ جما لیا۔ پھر انہوں نے امریکہ اور یورپ کی شہ پر عرب ممالک سے جنگ چھیڑ کر ان کے بہت سے علاقوں پر قبضہ جما لیا۔ جن میں مسلمانوں کا قبلۂ اول بیت المقدس بھی ہے۔ ان فتوحات نے انہیں جری بنا دیا ہے اور وہ اب مسلمانوں کے سب سے مقدس اور جان سے عزیز علاقوں یعنی مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ پر نظریں جمائے ہوئے ہیں تاکہ وہ مسلمانوں کو ان کے مرکز سے محروم کر دیں۔ اور انہیں مغلوب بنا لیں۔ اور انہیں دربدر کر دیں یہود کے عزائم نہایت بھیانک اور خطرناک ہیں، اتنے ہی اس کے حلیف طاقتور اور ان کی سازشیں گہری ہیں۔ امسال عیدالاضحیٰ اس صیہونی خطرے سے ہمیں متنبہ کرنے آئی ہے اور دنیا کے تمام اسلامی ممالک کو متحد ہو کر صیہونی چیلنج کا پوری قوت سے مقابلہ نہیں کر سکتے جب تک کہ وہ تمام متحد نہ ہو جائیں اور اپنے تمام وسائل اور قوت کو یکجا مرتکز نہ کر دیں۔

ہم فریضۂ حج کو اہم تو سمجھتے رہے لیکن حج کی اہمیت سے غافل رہے۔ حج کے اجتماع کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ دنیا کے تمام مسلمانوں کو ایک بار باہم ملنے اور مشورہ کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔ اسلام جہاں حج کے ذریعے توحید پرستوں کا رشتہ ان کے رب سے جوڑنا چاہتا ہے۔ وہاں وہ مختلف ممالک اور نسلوں کے مسلمانوں کو رشتۂ اخوت سے منسلک بھی کرنے کی آرزو بھی رکھتا ہے۔ ہم نے حج کی مقصدیت کو نہ جانا اور اسلام کی اس آرزو کا احترام نہ کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ مسلمانوں میں نہ اتحاد و یگانگی ہے نہ اخوت و ہم آہنگی۔ اگر یہ کہا جائے کہ وہ دیکھنے میں ایک ہی کیوں نہ نظر آئیں۔ حقیقت میں ان میں تشتت و افتراق ہے۔ اس کا نتیجہ ہے کہ ان کی قوت پارہ پارہ ہے۔ مسلمان جانتے ہیں کہ خانۂ کعبہ ان کا دینی و ملی مرکز ہے اور انہیں اس مرکز پر مجتمع و متحد ہو جانا چاہیے لیکن وہ جانتے ہوئے بھی پرانے رنج اس صورت حال کا نتیجہ ہے کہ مسلمان بحیثیت ملت نہایت کمزور و منتشر اور پس ماندہ و ترقی طلب ہیں اور دشمن ان پر دندان حرص و آز تیز کر رہے ہیں۔ وہ جانتے ہیں پرانے نہیں کہ یہ ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات

☐ SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
☐ FOR TWO YEARS $10.00
☐ FOR SIX MONTHS $4.00

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME ---------------------------------------

ADDRESS

Postal Code ----------

PHONE # ----------

U.S. cheques please include an additional 25¢

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳ ، شمارہ ۱۹ | پندرہ روزہ **کریسنٹ** ساؤتھ کیرولینا | [illegible]

عید الضحیٰ نمبر



بادشاہی مسجد اور یادگار پاکستان لاہور